روزنامہ راشٹریہ سہارا
نئی دھلی، 27/جون 2024، جمعرات
کھیل کھلاڑی
New Delhi, Thursday 27 June,2024
ورلڈ کپ 2024
ICC MEN'S T20
SPORTS
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA

ہندوستان اور انگلینڈ کے سیمی فائنل میں بارش کا امکان

- اگر بارش مسلسل ہوتی ہے اور نہ رکتی ہے تو میچ کے وقت کے علاوہ 4 گھنٹے 10 منٹ کا اضافی وقت دیا جائے گا۔
- اگر بارش کی وجہ سے دونوں میچ شروع نہ ہوسکے تو ہندوستان گروپ اے میں سرفہرست رہتے ہوئے سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کرلے گا۔

انٹیگا (ایجنسیاں) ٹی-20 ورلڈ کپ 2024 کے دونوں سیمی فائنل 27 جون کو ہندوستانی وقت کے مطابق صبح 6 بجے اور رات 8 بجے کھیلے جائیں گے۔ شائقین کو دونوں سیمی فائنل کا بے صبری سے انتظار ہے۔ ہندوستان دوسری بار اپنا دوسرا ٹی-20 ورلڈ کپ جیتنے سے صرف 2 جیت دور ہے۔ ایک قدم آگے بڑھانے کے لیے وہ سیمی فائنل میں انگلینڈ سے مقابلہ کریں گے۔ اس کے ساتھ ہی افغانستان نے پہلی بار کسی بھی آئی سی سی ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں کوالیفائی کیا ہے۔ اس لیے کرکٹ کے دیوانوں کو امید ہے کہ وہ جنوبی افریقہ کو شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لے گا۔ ہندوستان اور انگلینڈ کے سیمی فائنل میچ میں بارش کا امکان ہے۔ ایسے میں اگر بارش مسلسل ہوتی ہے اور نہ رکتی ہے تو میچ کے وقت کے علاوہ 4 گھنٹے 10 منٹ کا اضافی وقت دیا جائے گا۔ ایسے میں اگر بارش نہیں رکتی اور میچ منسوخ ہوتا ہے تو ہندوستانی ٹیم سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کرلے گی۔ تاہم بارش میں تاخیر کی وجہ سے اوور مختصر کرکے میچ شروع کیا جاسکتا ہے۔ میچ کے دوران بارش کا تقریباً 51 فیصد امکان ہے اور اس کے لیے کوئی ریزرو ڈے نہیں ہے۔ تاہم افغانستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان کھیلے جانے والے میچ کے لیے ریزرو ڈے رکھا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ایک گھنٹہ اضافی بھی رکھا جاتا ہے۔ اگر بارش کی وجہ سے دونوں میچ شروع نہ ہو سکے تو ہندوستان گروپ اے میں سرفہرست رہتے ہوئے سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کرلے گا جبکہ جنوبی افریقہ سپر 8 کے گروپ 2 میں ٹاپ پوزیشن پر تھا جس کی وجہ سے اسے خطابی معرکہ میں کھیلنے کا موقع ملے گا۔ ٹی-20 ورلڈ کپ 2024 کا خطابی معرکہ کھیلے گا۔

ویسٹ انڈیز کی خاتون ٹیم نے ٹی-20 میں سری لنکا کو 6 وکٹوں سے ہرایا

همبن ٹوٹا (یو این آئی) ایفی فلیچر (چار وکٹ) کے بعد ہیلی میتھیوز (29) اور اسٹیفنی ٹیلر (28) کی ناٹ آؤٹ اننگز کی بدولت ویسٹ انڈیز کی خاتون ٹیم نے دوسرے ٹی 20 مقابلے میں سری لنکا کو بارش سے متاثرہ میچ میں ڈک ورتھ لوئس ضابطے کے تحت پانچ گیندیں باقی رہتے چھ وکٹوں سے شکست دی۔ ویسٹ انڈیز نے ٹاس جیت کر سری لنکا کو پہلے بیٹنگ کی دعوت دی۔ بیٹنگ کے لیے آنے والی سری لنکا نے بارش سے متاثرہ میچ میں نیویشی گونارتنے (24) اور کپتان چماری اٹاپٹو (26) کی اننگز کی بدولت 15.2 اوور میں چار وکٹ پر 89 رن بنائے۔ ایمیشا دولانی (4) اور ہرشیتا سمرویکرما (14) رن بنانے کے بعد آؤٹ ہوئیں۔ حسینی پریرا (4) اور کاویشا دلہری (14) رن بنانے کے بعد ناٹ آؤٹ رہیں۔ ویسٹ انڈیز کی جانب سے ایفی فلیچر نے 23 رن کے عوض چار وکٹ حاصل کئے۔ 90 رن کے چھوٹے ہدف کے تعاقب میں ویسٹ انڈیز نے ہیلی میتھیوز (29) اور اسٹیفنی ٹیلر (28) کی ناٹ آؤٹ اننگز کی بدولت 14.1 اووروں میں چار وکٹوں پر 99 رن بنا کر چھ وکٹوں سے میچ جیت لیا۔ شیمائن کیمبل (16)، کیانا جوزف (6) رن بنانے کے بعد آؤٹ ہوئے۔ عالیہ ایلین نے آٹھ گیندوں پر 15 رن کی ناٹ آؤٹ اننگز کھیلی۔ سری لنکا کی جانب سے چماری اٹاپٹو، کاویشا دلہری اور سچنی نسانسالا نے ایک ایک بلے باز کو آؤٹ کیا۔ اس کے ساتھ ہی ویسٹ انڈیز نے تین میچوں کی سیریز 1-1 سے برابر کرلی ہے۔

ٹی-20 ورلڈ کپ میں بدترین کارکردگی بابر اعظم اور محمد رضوان کی تنزلی

دبئی (یو این آئی) ٹی-20 ورلڈ کپ میں بدترین کارکردگی کے بعد آئی سی سی کی تازہ رینکنگ میں کپتان قومی کپتان بابر اعظم اور رضوان کی مزید تنزلی ہوگئی ہے۔ آئی سی سی ٹی-20 ورلڈ کپ میں پہلے ہی مرحلے میں شرمناک طریقے سے میگا ایونٹ سے باہر ہونے والی پاکستان کرکٹ ٹیم کی بدترین کارکردگی کے نتائج آنا شروع ہوگئے اور انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی جانب سے جاری کردہ تازہ رینکنگ میں قومی کپتان بابر اعظم اور وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان کی مزید تنزلی ہوگئی ہے۔ آئی سی سی نے ٹی-20 کرکٹ کے بالرز وار بیٹرز کی نئی رینکنگ جاری کی ہے جس میں پاکستان کے کپتان بابر اعظم اور وکٹ کیپر بلے باز محمد رضوان نیچے چلے گئے ہیں۔ دونوں بیٹر بالترتیب چوتھے اور پانچویں نمبر پر جا پہنچے ہیں۔ مختصر دورانیے کے جاری میگا ایونٹ میں شاندار کارکردگی کا صلہ آسٹریلوی بیٹر ٹریوس ہیڈ کو رینکنگ میں 4 درجے ترقی کی صورت میں ملا ہے اور وہ 844 پوائنٹ کے ساتھ پانچویں سے پہلی پوزیشن پر آن پہنچے ہیں جب کہ ہندوستانی بلے باز سوریا کمار یادیو 842 پوائنٹس کیساتھ دوسری پوزیشن پر آ گئے، انگلینڈ کے فل سالٹ تیسری پوزیشن ہے۔ پاکستانی کپتان بابر اعظم 755 پوائنٹ کے ساتھ چوتھے اور ساتھی کرکٹر محمد رضوان 746 پوائنٹ کے ساتھ پانچویں پوزیشن پر موجود ہیں۔ انگلش کپتان جوز بٹلر، بھارتی بیٹر یشوی جیسوال، پروٹیز کپتان مارکرم، ویسٹ انڈیز کے برینڈن کنگ اور جانسن چارلس بالترتیب چھٹی سے دسویں پوزیشن پر ہیں۔

ویمنس ٹی-20 ایشیا کپ: خواتین کرکٹرز کا کیمپ کراچی میں شروع



گروپ اے
ہندوستان، پاکستان، متحدہ عرب امارات اور نیپال شامل ہیں۔

گروپ بی
بنگلہ دیش، ملائیشیا، سری لنکا اور تھائی لینڈ کی ویمنز کرکٹ ٹیم شامل ہیں۔

لاهور (یو این آئی) آئندہ ماہ ہونے والے ویمنس ٹی-20 ایشیا کپ کے لیے پاکستانی ٹیم کی خواتین کرکٹرز کا کیمپ کراچی میں شروع ہوگیا۔ ڈان نیوز کے مطابق خواتین کی پاکستانی سلیکشن کمیٹی کی جانب سے کیمپ کے لیے 28 کرکٹرز کو مدعو کیا گیا ہے، اس میں 3 پریکٹس میچز بھی کھیلے جائیں گے، پاکستان ویمن ٹیم کا کیمپ 4 روز تک جاری رہے گا۔ اس کے علاوہ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے ویمنز ایشیا کپ کے لیے ٹیم مینجمنٹ کا بھی اعلان کر دیا، محمد وسیم کو ویمنس ایشیا کپ کے لیے پاکستان ٹیم کے ہیڈ کوچ مقرر کیا گیا ہے، سابق ٹیسٹ باؤلرز عبدالرحمٰن اور جنید خان بالترتیب اسپن بالنگ کوچ اور اسسٹنٹ کوچ ہوں گے۔ آٹھ ٹیموں پر مشتمل اے سی سی ویمنز ٹی-20 ایشیا کپ 19 سے 28 جولائی تک سری لنکا کے شہر دمبولا میں کھیلا جائے گا، ٹی-20 ٹورنامنٹ میں پاکستان کو گروپ اے میں بھارت، نیپال اور متحدہ عرب امارات کے ساتھ رکھا گیا ہے۔ ٹورنامنٹ کے افتتاحی روز پاکستان کا مقابلہ روایتی حریف بھارت سے ہوگا جبکہ نیپال اور متحدہ عرب امارات کے خلاف میچ بالترتیب 21 اور 23 جولائی کو کھیلے جائیں گے۔ ایشیا کپ میں نیپال، متحدہ عرب امارات، ہندوستان، پاکستان، تھائی لینڈ، ملائیشیا، سری لنکا اور بنگلہ دیش کی ٹیمیں شامل ہیں۔

امپائرز کو اپنی آنکھیں کھلی رکھنی چاہئیں، انضمام الحق کا بھارت پر بال ٹیمپرنگ کا الزام

حیدرآباد (ایجنسیاں) پاکستان کے سابق کپتان انضمام الحق نے ایک چونکا دینے والا الزام لگایا ہے کہ بھارت نے ٹی-20 ورلڈ کپ 2024 میں آسٹریلیا کے خلاف اپنے سپر 8 میچ کے دوران گیند کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کی۔ انضمام کا یہ دعویٰ سینٹ لوشیا کے ڈیرن سیمی نیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں ٹیم انڈیا کی آسٹریلیا کو 24 رنز سے شکست دینے کے بعد سامنے آیا۔ انضمام نے سوال کیا کہ ہدف کا دفاع کرتے ہوئے ارشدیپ سنگھ 16ویں اوور میں گیند کو ریورس سوئنگ کرنے میں کیسے کامیاب ہوئے۔ ایک پاکستانی نیوز چینل کے ٹاک شو کے دوران انہوں نے کہا کہ 15ویں اور 16ویں اوور میں گیند ریورس سوئنگ ہو رہی تھی، امپائرز کو ان تمام چیزوں کو پہچاننے کے لیے اپنی آنکھیں کھلی رکھنی چاہئیے۔ انضمام نے یہ بھی کہا کہ اگر کوئی پاکستانی بالر اتنی جلدی ریورس سوئنگ کراتا تو بہت شور مچ جاتا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بھارت-آسٹریلیا میچ کے دوران گیند کے ساتھ کچھ کیا گیا تھا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پاکستانی ریورس سوئنگ کو اچھی طرح جانتے ہیں اور اگر ارشدیپ 15ویں (16ویں) اوور میں آنے کے بعد گیند کو ریورس کرنا شروع کر دیتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ پہلے گیند کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کی گئی ہے۔ ارشدیپ نے آسٹریلیا کے خلاف ٹی-20 ورلڈ کپ کے سپر ایٹ میچ میں 37 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیے تھے اور جاری ٹی-20 ورلڈ کپ کے دوران، ارشدیپ ٹورنامنٹ میں مشترکہ طور پر سب سے زیادہ وکٹ لینے والے کھلاڑی ہیں، جنہوں نے چھ میچوں میں 11.86 کی اوسط اور 7.41 کی اکانومی ریٹ کے ساتھ 15 وکٹیں حاصل کیں۔ ان کے ساتھ سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے افغانستان کے فضل الحق فاروقی بھی ہیں۔ اسی ٹاک شو میں انضمام کے سابق ساتھی سلیم ملک نے بھی انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) پر کچھ مخصوص ٹیموں کے حوالے سے آنکھیں بند رکھنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ میں ہمیشہ یہی کہتا ہوں، جب کچھ ٹیموں کی بات آتی ہے تو آنکھیں بند کرلی جاتی ہیں اور بھارت ان ٹیموں میں سے ایک ہے۔ انھوں نے آگے کہا کہ مجھے یاد ہے زمبابوے میں جب وسیم اکرم بالنگ کر رہے تھے تو انھوں نے گیند کو گیلا کر دیا تھا اور ہم سب حیران رہ گئے تھے اور جب میں نے جا کر شکایت کی تو مجھ پر بھاری جرمانہ عائد کیا گیا۔

ریلائنس فاؤنڈیشن نے پیرس اولمپکس میں ملک کا پہلا 'انڈیا ہاؤس' بنایا

نئی دھلی (یو این آئی) ریلائنس فاؤنڈیشن نے انڈین اولمپک ایسوسی ایشن کے ساتھ شراکت میں پیرس اولمپک گیمز میں ملک کا پہلا کنٹری ہاؤس یعنی انڈیا ہاؤس بنایا ہے۔ انڈیا ہاؤس پیرس کے مشہور پارک ڈی لا ولیٹ میں بنایا گیا ہے۔ انڈیا ہاؤس کے علاوہ اس پارک میں نیدرلینڈ، کینیڈا، برازیل اور میزبان فرانس سمیت 14 ممالک کے کنٹری ہاؤسز ہوں گے۔ انڈیا ہاؤس کے دروازے دنیا بھر کے کھلاڑیوں، معززین اور کھیل سے محبت کرنے والوں کے لیے کھلے رہیں گے۔ یہاں دنیا کو ہندوستان کے ہنر، صلاحیت اور عزائم کی جھلک ملے گی۔ ثقافت سے لے کر آرٹ اور کھیلوں تک یوگا، دستکاری، موسیقی اور روایتی ہندوستانی کھانوں تک، انڈیا ہاؤس ثقافتی پیشکشوں کی ایک رینج پیش کرے گا۔ آئی او سی کی رکن اور ریلائنس فاؤنڈیشن کی بانی اور چیئر پرسن محترمہ نیتا ایم امبانی نے انڈیا ہاؤس کے بارے میں کہا" میں پیرس اولمپک گیمز میں پہلی بار انڈیا ہاؤس کا اعلان کرتے ہوئے بے حد خوش اور پرجوش ہوں۔ ہمارے ایتھلیٹس کی میزبانی کر سکتے ہیں، ان کی جیت کا جشن منا سکتے ہیں، ان کی کہانیاں بانٹ سکتے ہیں اور دنیا کے سامنے ہندوستانیت کے رنگ لا سکتے ہیں۔ محترمہ پی ٹی اوشا، صدر، انڈین اولمپک ایسوسی ایشن نے کہا، "ریلائنس فاؤنڈیشن کے ساتھ شراکت میں انڈیا ہاؤس کا افتتاح، پیرس اولمپکس میں ہندوستانی شائقین اور کھلاڑیوں کے لیے ایک اہم پرکشش مقام ہوگا، میں اس پہل اور ہندوستان کی اولمپک تحریک کو آگے بڑھانے کے لیے آئی او سی کی رکن محترمہ نیتا امبانی کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گی۔ درحقیقت، ممالک اولمپک گیمز کے لیے بنائے گئے کنٹری ہاؤس میں اپنی سافٹ پاور کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ ہندوستانی ثقافت کی بھرپور اور متنوع تصویر پیش کرنے کے علاوہ، پیرس میں انڈیا ہاؤس ہندوستانی کھلاڑیوں کے لیے گھر سے دور ایک گھر کے طور پر بھی کام کرے گا۔ ہندوستانی کھلاڑیوں کی فتوحات اور ان کے تمغوں کا جشن یہاں منایا جائے گا۔ کھیلوں کے شائقین کے لیے یہاں خصوصی واچ پارٹیوں کا اہتمام کیا جائے گا۔ خصوصی میڈیا رائٹس ہولڈر وائیکوم 18 واچ پارٹیوں کو فیڈ فراہم کرے گا۔

یورو 2024: ترک ٹیم آج شب چیکیا کے مدمقابل آئیگی

برلن (یو این آئی) ترک فٹ بال ٹیم یورپین چمپئن شپ کے اگلے مرحلے کے لیے کوالیفائی کرنے کے لیے آج شب چیکیا کے ساتھ مدِمقابل آئیگی۔ جرمنی کی میزبانی میں جاری یورو 2024 کے میچوں کا ہیجان ٹی آر ٹی چینلز پر جاری ہے۔ ایف گروپ میں ترک ٹیم نے جارجیا کے خلاف تین۔ ایک کے اسکور سے کامیابی حاصل کی تھی تو دوسرے گروپ میچ میں اسے پرتگال سے 3۔ صفر کے اسکور سے شکست ہوئی تھی۔ چیکیا جارجیا کے ساتھ میچ میں برابر رہا تھا لہٰذا اس کا گروپ میں ایک پوائنٹ ہے۔ ترکیہ۔ جارجیا میچ ہامبرگ میں ترکیہ کے مقامی وقت کے مطابق شب دس بجے کھیلا جائیگا۔

ہندوستانی تیراک سری ہری اور دھینی دھی 'یونیورسلٹی کوٹہ' سے اولمپکس میں حصہ لیں گے: ایس ایف آئی

نئی دھلی (یو این آئی) ہندوستانی تیراک سری ہری نٹراج اور 14 سالہ دھینی دھی ڈیسنگھو 'یونیورسلٹی کوٹہ' کے ذریعے پیرس اولمپکس 2024 میں حصہ لیں گے۔ سری ہری نٹراج اور 14 سالہ دھینی دھی ڈیسنگھو پیرس اولمپکس میں 'یونیورسلٹی کوٹہ' کے ذریعے تیراکی میں حصہ لیں گے، سوئمنگ فیڈریشن آف انڈیا (ایس ایف آئی) نے بدھ کو اعلان کیا۔ نٹراج مردوں کے 100 بیک اسٹروک ایونٹ میں حصہ لیں گے، جبکہ دھنیدھی خواتین کے 200 میٹر فری اسٹائل ایونٹ میں حصہ لیں گی۔ ایس ایف آئی نے ایک متبادل کے طور پر دونوں کے لیے یونیورسلٹی کوٹہ کی درخواست کی تھی۔ ورلڈ ایکواٹکس کلیرنس کے لیے یونیورسلٹی مقامات کی تصدیق کی آخری تاریخ 3 جولائی ہے اور این او سی کو 4 جولائی تک قبول کرنا ہوگا۔ ایس ایف آئی نے کہا کہ سری ہری اور ڈیسنگھو کے ناموں کو قبول کرلیا گیا ہے۔ ٹوکیو 2020 کے بعد سری ہری نٹراج کا یہ دوسرا اولمپکس ہے۔ جبکہ ڈیسنگھو پیرس میں اپنا اولمپک ڈیبیو کریں گی۔ پیرس اولمپکس 2024 میں تیراکی کے مقابلے 27 جولائی سے 4 اگست کے درمیان پیرس لا ڈیفنس ایرینا میں منعقد ہوں گے۔

سابق کرکٹروں نے روہت شرما کی کارکردگی کی جم کر تعریف کی

برج ٹاون (ایجنسیاں) ہندوستان نے ٹی-20 ورلڈ کپ 2024 کے سیمی فائنل میں جگہ بنالی ہے۔ اب ٹیم انڈیا اپنا سیمی فائنل میچ جمعرات کو انگلینڈ کے خلاف کھیلے گی۔ جہاں اس کے پاس ٹی-20 ورلڈ کپ 2022 میں 10 وکٹوں سے شکست کا بدلہ لینے کا موقع ہوگا۔ روہت شرما اس بار اپنی شاندار فارم میں واپس آئے ہیں۔ روہت شرما نے آسٹریلیا کے خلاف شاندار بلے بازی کی اور 41 گیندوں میں 92 رنز بنائے۔ ان کی اننگز کے بل بوتے پر ہندوستانی ٹیم آسٹریلیا کے خلاف 200 سے زائد اسکور کرنے میں کامیاب رہی۔ روہت شرما نے میشل اسٹارک کی کلاس لی اور ایک اوور میں 29 رنز بنائے۔ اس اننگز کے بعد کرکٹ لیجنڈز نے ان کی خوب تعریف کی۔

ناصر حسین انگلینڈ کے سابق کپتان ناصر حسین نے کہا کہ روہت شرما کی آسٹریلیا کے خلاف اننگز ٹی-20 کرکٹ کی بہترین اننگز میں سے ایک تھی جو میں نے کبھی نہیں دیکھی۔ روہت شرما نے آسٹریلیا کے خلاف شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ روہت شرما نے ایڈیلیڈ سیمی فائنل کے بعد ہندوستان کی ذہنیت کو بدل دیا۔ یہ ون ڈے ورلڈ کپ 2023 میں دیکھا گیا اور اب اس ٹی-20 ورلڈ کپ میں بھی۔ اس کی مکمل قیادت روہت شرما کر رہے تھے۔ اگر آپ بطور کپتان بات کرنا چاہتے ہیں اور روہت شرما نے یہ کیا۔

وریندر سہواگ سابق ہندوستانی کرکٹر وریندر سہواگ نے کرک بز سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اگر کوئی ایسا کھلاڑی ہے جس کا کھیل دیکھنے کے لیے مجھے ٹکٹ خریدنا پڑے تو وہ روہت شرما ہوگا۔ اس کی بیٹنگ پوری طرح سے پیسے کے قابل ہے۔ اس کے علاوہ دنیش کارتک نے اسی شو میں روہت کی اننگز کو غیر حقیقی، بہترین، غیر معمولی اور شاندار قرار دیا۔

ایلیسا ہیلی ویمنز آسٹریلیا کرکٹ ٹیم کی کھلاڑی ایلیسا ہیلی نے کہا کہ مجھے روہت شرما کی بیٹنگ دیکھنا اچھا لگتا ہے۔ وہ گیند کے بہترین اسٹرائیکرز میں سے ایک ہیں۔ ایک بار جب وہ چلا جاتا ہے، تو اسے روکنا واقعی مشکل ہوتا ہے۔ وہ شارٹ بال کے بہترین کھلاڑی ہیں۔

ظہیر خان سابق ہندوستانی فاسٹ بالر ظہیر خان نے کہا کہ روہت شرما جارحانہ انداز میں کھیلنا چاہتے تھے۔ وہ چاہتے تھے کہ ٹیم مختلف انداز میں بیٹنگ کرے اور ٹی-20 کرکٹ میں مختلف انداز میں کھیلے اور روہت نے خود مثال کے طور پر آگے بڑھ کر یہ کامیابی حاصل کی۔ جب وہ 90 کے آس پاس بیٹنگ کر رہے تھے تو وہ اپنی سنچری نہیں دیکھ رہے تھے، وہ ٹیم کیلئے رنز بنانے میں مصروف تھے۔

ایڈم گلکرسٹ

سابق آسٹریلیائی کرکٹر ایڈم گلکرسٹ نے کہا کہ لوگ روہت شرما اور ان کی ٹی-20 کرکٹ کارکردگی اور فارم پر سوال کر رہے تھے۔ یہ روہت شرما کا شاندار جواب ہے جس نے ٹی-20 فارم پر شکوک و شبہات کو ختم کردیا ہے۔ اس سے روہت شرما کا حوصلہ بلند ہوگا۔

افغانستان تاریخ رقم کرنے کے ارادے سے سیمی فائنل میں اترے گا



- محکمہ موسمیات کے مطابق جنوبی افریقہ بمقابلہ افغانستان میچ میں بارش کے امکانات کم ہیں۔
- لیکن اگر بارش کی وجہ سے جمعرات کو میچ نہیں ہو پاتا تو اس کے لیے ریزرو ڈے رکھا گیا ہے۔

نئی دھلی (یو این آئی) آسٹریلیا کے خلاف جیت سے حوصلہ افزا افغانستان ٹی-20 ورلڈ کپ میں جمعرات کی صبح کھیلے جانے والے پہلے سیمی فائنل میں جنوبی افریقہ کے خلاف اپنی عمدہ بلے بازی اور گیند بازی کی مہارت کے بل بوتے پر فائنل میں داخل ہونے کے ارادے سے اترے گا۔ جنوبی افریقہ اس ٹورنامنٹ کی دوسری ٹیم ہے جس نے ابھی تک ایک بھی میچ ہارا نہیں ہے جبکہ دوسری طرف افغانستان ہے جس کے لیے اس ٹورنامنٹ میں سفر ایک خواب پورا ہونے جیسا رہا ہے۔ افغانستان نے سپر ایٹ میں آسٹریلیا کو شکست دی ہے جس کی وجہ سے ان کے حوصلے بلند ہیں اور گروپ مرحلے میں افغانستان نے جنوبی افریقہ کو ایک بار مشکل میں ڈال دیا تھا آخر میں ڈیوڈ ملر نے شاندار اننگز کھیل کر ٹیم کو فتح سے ہمکنار کیا۔ افغانستان نے پہلی بار کسی ورلڈ کپ کے سیمی فائنل میں جگہ بنائی ہے۔ افغانستان کے گیند بازوں کو ویسٹ انڈیز کی پچیں راس آ رہی ہیں اور وہ جنوبی افریقہ کو پھنسانے کی طاقت رکھتے ہیں۔ ایسا دیکھا گیا ہے کہ جنوبی افریقہ بڑے مقابلوں میں جیت حاصل نہیں کر پاتی ہے۔ جنوبی افریقہ کے پاس افغانستان کے خلاف اپنے چوکرس کا داغ مٹانے کا موقع ہوگا۔ تاہم افریقہ کو اپنے حریف افغانستان کو سرسری طور پر لینے کی غلطی کبھی نہیں کرنی چاہیے۔ ٹورنامنٹ میں شاندار فارم میں رہنے والے نوین الحق نے پاور پلے اسپنر کی غیر موجودگی میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے فضل الحق فاروقی پر دباؤ کم کیا ہے۔ ٹریوس ہیڈ کو آؤٹ کرنے والی ان کی گیند بازی حیرت انگیز تھی جو لیگ اسٹمپ پر پچ ہوئی اور پھر گر کر باہر کی جانب نکلی اور اسٹمپ سے ٹکرا گئی۔ یہ ٹورنامنٹ کی بہترین گیندوں میں سے ایک تھی۔ نوین کو سست گیندیں پھینکنے میں مہارت حاصل ہے اور ویسٹ انڈیز کی پچوں پر وہ ڈیتھ اوورز میں بلے بازوں کے لیے مشکلات پیدا کر رہے ہیں۔ جبکہ ہینرک کلاسن نے سال 2023 کے آغاز سے ٹی-20 کرکٹ میں اسپنروں کے خلاف 182.12 کے اسٹرائیک ریٹ سے رن بنائے ہیں۔ کلازن کا اس گروپ میں سب سے بہتر اسٹرائیک ریٹ ہے۔ پیر کو بنگلہ دیش کے خلاف میچ میں کیپنگ کرتے ہوئے رحمان اللہ گرباز پہلے ہی اوور میں گھٹنے کی انجری کا شکار ہوگئے اور وہ فوراً میدان سے باہر چلے گئے۔ اس کے بعد پورے میچ میں محمد اسحاق متبادل کیپر کے طور پر میدان میں فیلڈنگ کے لئے اترے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ گرباز سیمی فائنل میچ کے لیے فٹ ہوتے ہیں یا نہیں۔ اگر گرباز بروقت صحت یاب نہ ہو سکے تو افغانستان ان کی جگہ حضرت اللہ زازئی کو ٹاپ پر اور کھلا سکتا اور اسحاق کیپر کے طور پر اور مڈل آرڈر بلے باز کے طور پر کھیل سکتے ہیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق جنوبی افریقہ بمقابلہ افغانستان میچ میں بارش کے امکانات کم ہیں۔ لیکن اگر بارش کی وجہ سے جمعرات کو میچ نہیں ہو پاتا تو اس کے لیے ریزرو ڈے رکھا گیا ہے۔ اگر حالات ایسے ہوگئے کہ ریزرو ڈے پر بھی میچ کا انعقاد ممکن نہ ہو تو پوائنٹس ٹیبل پر سرفہرست جنوبی افریقہ کی ٹیم فائنل میں پہنچ جائے گی اور افغانستان کی ٹیم بغیر کھیلے ٹورنامنٹ سے باہر ہوجائے گی۔

مچل مارش نے گلبدین نائب کی انجری پر کیا کہا

فلوریڈا (یو این آئی) آسٹریلوی کپتان مچل مارش کا افغان کرکٹر گلبدین نائب انجری پر ردعمل آ گیا۔ آسٹریلوی کپتان مچل مارش نے گلبدین نائب کی انجری پر کہا کہ میں نے کرکٹ کے میدان میں اس سے پہلے ایسی مزاحیہ چیز نہیں دیکھی، ہنسی سے میری آنکھوں میں آنسو آ رہے تھے۔ آسٹریلوی کپتان کا کہنا تھا کہ آخر میں اس کا کھیل پر کوئی اثر نہیں ہوا، ہم اس انجری پر ہنس سکتے ہیں اور یہ کمال تھا، ہم نے ایک گروپ کی شکل میں افغانستان والا میچ دیکھا اور یہ کمال کا میچ تھا، افغانستان بنگلا دیش کے میچ میں کئی ٹوئسٹ آئے، ہم ٹورنامنٹ میں مزید کھیلنا چاہتے تھے۔ مچل مارش نے مزید کہا کہ کچھ چیزیں آپ کے ہاتھ میں نہیں ہوتیں اور اس کے لیے ہم خود اپنے آپ کو ذمہ دار ٹھہراتے ہیں، آخری وکٹ گرنے پر ہم ششدر رہ گئے تھے، افغانستان نے اچھی کرکٹ کھیلی اور سیمی فائنل میں پہنچنا ان کا حق بنتا ہے۔ آسٹریلوی کپتان کا کہنا تھا کہ بنگلا دیش کے خلاف میچ میں گلبدین نائب کی انجری کو فینز فیک انجری قرار دے رہے ہیں، آئی سی سی قوانین کے مطابق جان بوجھ کر ٹائم ضائع کرنے پر امپائر فیلڈرز کے خلاف ایکشن لے سکتے ہیں۔ گلبدین نائب کی ایکٹنگ پر جہاں صارفین کی جانب سے دلچسپ تبصرے کیے جا رہے ہیں۔

افغان کپتان راشد خان نے سب کو پیچھے چھوڑ دیا، بڑا ریکارڈ بنا لیا

فلوریڈا (یو این آئی) افغانستان کے کپتان راشد خان نے اپنی ٹیم کو پہلی بار کسی آئی سی سی ایونٹ میں پہنچانے کا کارنامہ تو انجام دیا مگر اس کے ساتھ ایک اور بڑا ریکارڈ بھی بنا لیا۔ راشد خان کی قیادت میں افغانستان کی ٹیم نے بنگلہ دیش کو سپر ایٹ مرحلے کے اہم میچ میں ہرا کر ٹی-20 ورلڈ کپ کے سیمی فائنل میں کوالیفائی کرکے آئی سی سی کے کسی بھی ایونٹ کے ناک آؤٹ مرحلے میں پہلی بار پہنچ کر تاریخ رقم کی ہے تاہم افغان کپتان نے اسی میچ میں ایسا کارنامہ بھی انجام دیا جو دنیائے کرکٹ کے بڑے بڑے نام بھی انجام نہ دے سکے۔ راشد خان نے بنگلہ دیش کے خلاف میچ میں چار وکٹیں لے کر ٹیم کی جیت میں اہم کردار ادا کیا تاہم جب انہوں نے میچ میں توحید ہردوئے کو اپنا دوسرا شکار بنایا تو وہ ٹی-20 انٹرنیشنل میں تیز ترین 150 وکٹیں لینے والے بالر بن گئے۔ انہوں نے سومیا سرکار، محمود اللہ اور رشاد حسین حسین کی وکٹیں بھی حاصل کیں۔ لیگ اسپنر نے یہ کارنامہ اپنے 92ویں میچ میں انجام دیا اور چار وکٹوں کے حصول کے بعد اپنی مجموعی وکٹوں کی تعداد 152 کرلی۔ انہوں نے اپنے کیریئر میں دو بار 5 اور سات بار 4 وکٹیں لینے کا کارنامہ بھی انجام دیا۔ اس سے قبل نیوزی لینڈ کے ٹم ساؤتھی واحد بالر ہیں جو اس فارمیٹ میں 150 وکٹیں لے چکے ہیں تاہم وہ اس سنگ میل تک 118 میچز کھیل کر پہنچے تھے۔ ٹی-20 انٹرنیشنلز کی تاریخ میں اب تک صرف 2 پلیئرز نے 150 وکٹیں لی ہیں، 129 میچز کھیلنے والے بنگلہ دیشی آل راؤنڈر شکیب الحسن کو یہ سنگ میل عبور کرنے کیلئے ایک وکٹ درکار ہے۔